سوال

فرض نماز پڑھنے کے بعد آیت الکرسی پڑھنے کی فضیلت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ہر نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھ کر جنت میں جانیوالی حدیث کی سند درست ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام نسائی کی السنن الکبریٰ (ح9928) اور عمل الیوم واللیلہ (ح100) میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : « من قرا آیۃ الکرسی فی دبر کل صلوۃ مکتوبۃ لم یمنعہ من دخول الجنۃ الا ان یموت »

جو شخص ہر فرض نماز کے آخر میں (یعنی بعد میں) آیت الکرسی پڑھتا ہے تو اسے جنت میں داخل ہونے سے موت کے علاوہ کوئی چیز نہیں روکتی ۔

اس کی سند حسن ہے ۔ اسے ابن حبان نے بھی صحیح قرار دیا ہے ۔ (دیکھئے اتحاف المہرۃ (6/259 رقم :648)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج1ص468

محدث فتویٰ